الیکشن کمیشن آف پاکستان
شعبہ تعلعقات عامہ
پریس ریلیز
مورخہ 24دسمبر 2021اسلام آباد

چند میڈیا سیکشنز میں الیکشن کمیشن سے متعلق کچھ ذمہ دار حلقوں کے ریفرنس سے ایسی خبریں نشرکی گئی ہیں جن سے یہ تاثر ملتا ہے کہ الیکشن کمیشن الیکٹرانک ووٹنگ مشین کے استعمال کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں میں کوتاہی سے کام لے رہا ہے ۔

الیکشن کمیشن اس سلسلے میں یہ واضح کرنا چاہتا ہے کہ الیکٹرانک ووٹنگ مشین کے قوانین سے پہلے بھی الیکشن کمیشن ٹیکنالوجی کےاستعمال کےحوالےسے متعد د اقدامات اٹھاتا رہا ہےمزید اس ٹیکنالوجی سے متعلق قانون سازی کے فوری بعد اس سلسلے میں الیکشن کمیشن نے تین کمیٹیاں تشکیل دیں جو اپنا کام پوری ذمہ داری سے کررہی ہیں اور انہوں نے کل مورخہ 23دسمبر 2021 کواپنے کام سے متعلق الیکشن کمیشن کو بریفنگ دی ہے ۔

الیکٹرانک ووٹنگ مشین کا حصول ایک ٹیکنکل پراسس ہے اس میں انٹرنیشنل ٹینڈرنگ کے علاوہ مختلف مراحل درکار ہیں جن میں اہم ترین یہ ہیں ۔

- Designing of Scope of Work for Automation of Electoral Processes
- Finalization of General Requirement Specifications as PPRA Rules
- Preparation of Technical Specifications as per International Standards
- Identification of required Function, Features and Business Process Flows to handle EVMs
- Preparation ofvendor and platform neutral Request for Proposal (RFP)
- Project Timelines and milestone
- Selection of best evaluated Bids through competitive bid
- Award of Contract
- Manufacturing of EVMs by Vendor

Cont …. 2

- Setting up of EVMs Testing and Certification Labs
- Engagement of Third Party Consultants for Testing and Certification of EVMs
- Production and Delivery of EVMs
- Testing and Certification of EVMs by Consultants that EVMs are fit for use in Elections
- Arranging customized and secure warehouses for Storage of EVMs (200,000 to 350,000 sft depending on number of EVMs)
- Making arrangements for safe and secure transportation of EVMs
- Hiring of Technical Human Resource for managing EVMs through delivery, acceptance, testing, Certification, transportation, deployment, Poll day operations and transportation back to warehouses
- Configuration and deployment of machines
- Trainings of staff
- Poll day Support and Maintenance

اور اس مشینوں کےحصول کے پراسس میں پیپرا رولز (PPRA Rules) اور

(International Standards)کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ الیکشن کمیشن کو اس بات کو بھی یقینی بنانا ہے کہ مشین کی ٹینڈرنگ vendor specific نہ ہو اور مشینوں کی third party testing بھی ضروری ہے ۔کہ یہ مشین فری اور فیئر الیکشن کے انعقاد کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے ۔کچھ لوگوں کو اس ٹیکنالوجی سےمتعلق زیادہ ادارک(clarity)نہیں ہے جس کی وجہ سے اس قسم کے غیر ذمہ دارانہ بیانات سامنے آتے ہیں اور اس قسم کے بیانات عوام الناس، سول سوسائٹی ، آگنائزیشن اور میڈیا کو misguide کرنے کے مترادف ہیں ۔

اس ضمن میں اگر کسی کو کسی قسم کی وضاحت چاہیے تو الیکشن کمیشن کے دروازے کھلےہیں وہ کسی وقت بھی تشریف لے آئےالیکشن کمیشن کے کام میں مداخلت نہ کی جائے اور الیکشن کمیشن کوپرپشرائز pressurize کرنے کا سلسلہ بھی بند کیا جائے ۔الیکشن کمیشن آئین اور قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کا پابند ہے اور بغیر کسی دباو کے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتارہے گا۔